BE SAFE CHICAGO



# محفوظ رہیں۔
# ایونٹ کی جگہیں

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

## شکاگو کو احتیاط سے دوبارہ کھولنے کے لیے مندرجہ ذیل درکار ہے:

### آپریشنل لچک اور نگرانی

#### لچک پذیر ماڈلز



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (جب ممکن ہو)

#### آپریشن سے متعلق لچک



آپریشن سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

#### سفر سے متعلق رہنما خطوط



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

#### جانچ کرنا / ٹریک کرنا



جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسانی

### محفوظ جگہیں اور حالات

#### داخلہ تک رسائی



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/اخراج کی حالت

#### صفائی کے معیارات




جگہ کو جراثیم سے پاک کرنے کی خاطر لیے گئے اقدامات

#### مرئی رہنمائی



جگہ پر پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی


#### جائے کار کے حالات



لوگوں کی تعداد، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

### صحت مندانہ میل جول

#### سماجی دوری



دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

#### مجمع کا سائز



افراد کے مجمع پر تحدیدات

#### حفاظتی اسباب



افراد کا استعمال برائے حفاظتی اسباب

#### حفظان صحت کے تقاضے




صحت و صفائی سے متصف میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

- تجویز کردہ رہنمائی -

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

## تمثیلی مثال




## کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1. بوفے یا دیگر سیلف سرو فوڈ اسٹیشنز PPE میں **ایک ملازم یا وینڈر کی جانب سے سرو کیے جاتے ہیں**

2. نشستوں پر بیٹھے ہوئے اور کھانا کھاتے وقت کے علاوہ تمام افراد کو ہر وقت **فیس کورنگز** پہننا چاہیئے

3. **اسٹیج / پرفارمنس کی جگہ کو ایونٹ سے کم از کم** 10 فٹ کے فاصلے سے علیحدہ رکھا گیا ہو


4. **فی ٹیبل 6 سے زیادہ مہمان نہ ہوں، ٹیبلز کا درمیانی فاصلہ 6 فٹ ہو**

5. ملازمین اور مہمانوں کے لیے حفظان صحت کے معیارات سے متعلق **تمام جگہوں پر مرئی رہنمائی پوسٹ کردہ ہو**

6. **وہ جگہیں جہاں مہمان قطار بند ہوتے ہیں** (جیسے بارز یا بوفیز) انہیں **معقول جسمانی دوری کی رہنمائی سے نشان زد کیا جائے**

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

صحت مندانہ میل جول



**سماجی دوری**

## افراد اور گھٹن والے بند مقامات کے بیچ >6 فٹ یقینی بنائیں

- ٹیبلز 6 فٹ کی دوری پر ہوں، اگر ٹیبلز کو منتقل نہیں کیا جا سکتا ہو تو انہیں ہٹائیں، اور/یا ان کے درمیان طبعی رکاوٹیں شامل کریں (جیسے پلیکسی گلاس)
- جہاں 6 فٹ کی سماجی دوری ممکن نہیں ہے وہاں ایونٹ کے چیک ان کاؤنٹرز، رجسٹرز) پر ٹھوس رکاوٹیں استعمال کریں
- جس کسی حصے میں مہمانان یا ملازمین قطار بند ہوتے ہیں اسے مناسب جسمانی دوری کی رہنمائی کے ساتھ واضح طور پر نشان زد کریں (جیسے، چیک اسٹینڈز اور ٹرمینلز، بار اور بفے، آرام گاہیں، وغیرہ)
- یقینی بنائیں کہ اسٹیج یا پرفارمرز (جیسے ڈانسرز، سنگرز، بینڈز) کے لیے تفویض کردہ کوئی بھی جگہ ناظرین سے کم از کم 10 فٹ کے فاصلہ پر ہو
- یقینی بنائیں کہ موسیقی کی آواز کم رہے تاکہ ملازمین یا وینڈرز اور مہمان بات کرتے ہوئے سماجی دوری پر عمل کر سکیں (جیسے آرڈرز لیتے ہوئے)



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

## صحت مندانہ میل جول



**مجمع کا سائز**

## مہمانوں کو فی ٹیبل 6 لوگ اور 50 لوگ فی کمرہ تک محدود کریں

- مہمانوں کو 6 لوگ فی ٹیبل تک محدود کریں
- ہر اندرونی جگہ / کمرے کو اس تک محدود کریں
  - سماجی دوری پر عمل کرتے ہوئے 50 لوگوں تک، یا
  - 40% گنجائش تک محدود کریں (ان میں سے جو بھی کم ہو)
- ایک ہی ایونٹ کے مقام میں 50 لوگوں کے متعدد گروپس کی اجازت ہے اگر وہ علیحدہ کمروں میں مل رہے ہیں اور آپس میں تعامل نہیں کر رہے (جیسے متعدد جگہوں والے کنوینشن سینٹرز)
- بیرونی جگہوں کے اجتماعات کو 50 لوگوں تک محدود کریں اگر مہمان کھڑے ہوئے ہیں اور/یا فعال/حرکت پذیر ہیں (سماجی دوری پر عمل کرتے ہوئے)؛ بیرونی جگہوں پر 100 لوگوں تک کے اجتماعات کی اجازت ہے اگر مہمان بیٹھے ہوئے ہیں اور ساکت ہیں (جیسے ٹیبلز پر بیٹھے ہیں)
- بیرونی جگہ پر ڈائننگ / الکحل کے استعمال کی اجازت ہے[1] اگر معیاری سماجی دوری کے تقاضوں کی پیروی کی جا رہی ہے
- ایسی جگہوں کو بند کر دیں جہاں افراد قریب قریب جمع کوتے ہیں (جیسے ڈانس فلورز)
- جہاں ممکن ہو، پرفارمرز (جیسے ڈانسرز، سنگرز، بینڈز) اور مہمانوں کے درمیان تعامل کو کم سے کم کریں

- تجویز کردہ رہنمائی -

1. ڈائننگ/الکحل کے استعمال کے وہ حصے جنہیں بیرونی مانا جاتا ہے، ان میں چھت کے اوپری حصے، سمٹنے لائق چھتوں والے کمرے اور اندرون کی وہ جگہیں جہاں کھڑکیوں، دروازوں یا پینلز کو کھول کر 50% یا اس سے زائد دیوار کو ہٹایا جا سکتا ہو بشرطیکہ ڈائننگ ٹیبل اس طرح کے مدخل سے 8 فٹ کے اندر ہوں

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں
## صحت مندانہ میل جول

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)




### ملازمین یا وینڈرز اور مہمانوں کے ذریعہ حفاظتی پوشش پہنے جانے کو یقینی بنائیں

- کسی عمومی اندرونی یا بیرونی جگہوں پر، ناک اور منہ پر فیس کورنگز پہننا ضروروی ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتا ہے)
- مہمان جب بیٹھے ہوں اور کھا/پی رہے ہوں تو فیس کورنگز کو ہٹایا جا سکتا ہے
- جگہ کے ملازمین کو مناسب PPE کی تربیت فراہم کریں (کس طرح پہننا ہے، ٹھیک سے اتارنا ہے وغیرہ)
- یقینی بنائیں کہ فریق ثالث کنٹریکٹرز، وینڈرز یا پرفارمرز ایونٹ کی جگہ میں کام کرتے ہوئے ہر وقت مناسب PPE پہنیں (لائیو موسیقی یا پرفارمینس وینیو کے رہنما خطوط کی پیروی کرنے والی پرفارمنس، اور پرفارمرز اور مہمانوں کے بیچ کم از کم 10 فٹ فاصلہ رکھ کر کی جانے والی پرفارمنسز کو استثناء حاصل ہے)




### ہاتھوں اور کثرت سے چھوئے جانے والے حصوں کی مستقل سینیٹائزیشن، مناسب تکنیکوں کی تربیت کو یقینی بنائیں

- یقینی بنائیں کہ مہمانوں، ملازمین اور وینڈر کے استعمال کے لیے ہینڈ سینیٹائزر یا ہاتھ دھونے کی سہولیات آسانی سے دستیاب ہیں
- تمام ملازمین کو ہاتھ دھونے کی تربیت فراہم کریں، اسٹیشنز پر علامات پوسٹ کی جانی چاہیئں (جہاں قابل اطلاق ہو)
- شروع میں کام پر واپس آتے وقت ملازم یا وینڈر کو COVID-19 سے متعلق صحت و حفاظت کی تربیت فراہم کریں جیسے ServSafe، ڈیلیوری اور ٹیک آؤٹ کی تربیت، فوڈ ہینڈلرکی تربیت، NRA مفت دوبارہ کھلنے کی تربیتیں

- تجویز کردہ رہنمائی -

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



**داخلہ تک رسائی**

### ملازم یا وینڈر کی اسکریننگ کی پالیسی اور پروٹوکول قائم کریں

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- ادارے میں داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننگ کرکے COVID-19 کی علامات نہ ہونے کو یقینی بنائیں (جیسے، سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں)
- ملازمین یا وینڈرز میں اگر علامات نظر آ رہی ہوں یا وہ بیمار محسوس کرنے کی رپورٹ کر رہے ہوں تو انہیں کام پر رپورٹ نہیں کرنا چاہیے یا انہیں کام پر رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے

### مہمان/فریق ثالث کی اداروں تک رسائی کے لیے پالیسی بنائیں

- داخلے پر عہد نامہ پوسٹ کریں یا یہ تصدیق کرنے کے لیے اسکریننگ کریں کہ مہمان، وینڈر، یا بیرونی سپلائر / غیر مہمان میں اس وقت COVID-19 کی علامات موجود نہیں ہیں (جیسے سوالنامہ، زبانی اقرار، ان کہا اقرار)
- یقینی بنائیں کہ مہمان، سپلائرز اور وہ ملاقاتی جو مہمان نہیں ہیں حدود میں داخلے کے وقت اپنا ناک اور منہ فیس کورنگز سے ڈھاپنتے ہیں (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتا ہے)
- کسی بھی ظاہری یا خود شناخت کردہ علامات والے شخص کا داخلہ روک دیں (بشمول مہمان، عملہ یا وینڈرز)
- اگر ہو سکے تو، مہمانوں کو آمد سے پہلے آنے کے تجربے، سماجی دوری کے پروٹوکولز، اور PPE کی ضرورت سے متعلق اطلاع فراہم کریں
- اگر قابل اطلاق ہو، تو مہمانوں کو خودکار طور پر کھلنے والے دروازوں سے یا دستی طور پر دروازہ کھول کر اندر بلائیں جیسے کہ فائر کوڈ کی جانب سے منظور شدہ ہے



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں
## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)



**صفائی کے معیارات**

### جگہوں اور زیادہ چھوئے جانے والے آئٹمز کے لیے یومیہ صفائی کے معیارات طے کریں

- ہر ایونٹ سے پہلے اور ایونٹ کے دوران، جہاں قابل اطلاق ہو پوری فیسیلیٹی کو اچھے طریقے سے صاف اور سینیٹائز کریں
- بیت الخلاء کو باقاعدگی سے مانیٹر، صاف اور سینیٹائز کریں
- صفائی کے طریقہ کار پر تربیت فراہم کریں تاکہ جراثیم کشوں کے محفوظ اور درست اطلاق کو یقینی بنایا جا سکے

### تمام زیادہ چھوئی جانے والی سطوحات / ہاتھ لگائے جانے والے آئٹمز کی بکثرت سینیٹائزیشن کے تقاضوں کو نافذ کریں

- یقینی بنائیں کہ وینڈرز / پرفارمرز ہر استعمال سے پہلے اور بعد میں تمام سامان (جیسے مائیکروفونز، آلات، فوٹو بوتھس) کو سینیٹائز کریں
- جہاں ممکن ہو ڈسپوز ایبل آئٹمز اور سامان فراہم کریں (جیسے مینوز، کنٹینرز، کنڈیمنٹس، لائننز)
- ہر استعمال کے بعد غیر ڈسپوزیبل آئٹمز کو صاف اور سینیٹائز کریں (جیسے کنٹینرز، پچرز، ٹیلز، چیئرز، لائننز)؛ نوٹ کریں کہ اگلے گاہک کے لیے آئٹم سینیٹائز ہوگیا ہے
- اگر قابل عمل ہو، فکسڈ مینو بورڈز یا ڈیجیٹل مینوز استعمال کریں




**مرئی رہنمائی**

### حفظان صحت کے معیارات اور داخلہ کے تقاضوں پر مرئی رہنمائی فراہم کریں

- پوری جگہ پر ملازمین، وینڈرز اور مہمانوں کے لیے حفظان صحت کے معیار پر مرئی رہنمائی برقرار رکھیں (جیسے فلور مارکرز کے ذریعے لاگو کردہ سماجی دوری)
- غیر زبانی اقرار نامہ، رہنما خطوط اور/یا مہمانوں کے اندر آنے کا ضابطہ جگہ کے باہر پوسٹ کریں

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں
محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات




## تعاملات کو کم سے کم کرنے کے لیے جائے کار کے حالات میں ترمیم کریں

- تمام مہمانوں کو **کھانے یا پینے کے دوران نشستوں پر ہونا چاہیئے**
- کاونٹر / بار کی نشستوں کی اجازت ہے اگر مہمانوں کے بیچ 6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھا جا سکتا ہے (مہمانوں اور بارٹینڈرز کے درمیان پلیکسی گلاس کے استعمال پر غور کریں)
- بیرونی ایونٹس کے لیے مجمع کے مختلف سائز کی پابندیوں کے اعتبار سے مہمان کھڑے یا بیٹھے ہو سکتے ہیں ('مجمع کا سائز' سیکشن دیکھیں- اگر مہمان کھڑے ہیں اور/یا حرکت میں ہیں تو زیادہ سے زیادہ 50 افراد، یا اگر مہمان ٹیبلز پر بیٹھے ہیں تو 100 افراد)
- اگر کاؤنٹر / بار سے آرڈر کر رہے ہیں تو منظم قطار کا تقاضا کریں، لیکن انتظار کی سروس کو ترجیح دی جائے
- اگر قابل عمل ہو، سماجی دوری کو فروغ دینے کے لیے جگہ میں ترمیم پر غور کریں (جیسے فرنیچر کی جگہ بدلنا، زمین پر نشان لگانا، اور/یا ملازمین کو ایک دوسرے کی پیٹھ کی طرف بیٹھ کر کام کرنے کے لیے ورک اسٹیشنز کو دوبارہ ترتیب دیں)
- کیفیٹیریا، بوفیز، یا دیگر سیلف سرو فوڈ اسٹیشنز کو دوبارہ کھلنے کی اجازت دیں اگر کوئی ملازم یا وینڈر کھانا سرو کر رہا ہے اور اس نے مناسب PPE پہنی ہوئی ہے۔
- اگر قابل عمل ہو، مہمانوں کی جانب سے مشروبات کے اسٹیشنز کا استعمال محدود کریں
- اگر قابل عمل ہو، تو پیدل ٹریفک کے لیے ہدایتی ہال ویز، دروازے یا گزر گاہیں قائم کریں
- اگر قابل عمل ہو، تو ملازمین اور مہمانوں / فریقین ثالث کے لیے علیحدہ بیت الخلاء کی سہولیات فراہم کریں
- FDA دوبارہ کھلنے کی چیک لسٹ میں بیان کردہ معیارات کو مکمل کریں اور اپنائیں



BE SAFE CHICAGO




## ہوا داری اور ہوا کے بہاؤ کو بہتر بنائیں

- ہوا داری سے متعلق FDA تقاضوں کی پیروی کریں: ہوا داری کے سسٹمز، بشمول ایئر ڈکٹس اور وینٹس صاف ہیں، پھپھوندی سے پاک ہیں اور ٹھیک سے کام کر رہے ہیں
- اگر قابل عمل ہو تو، اندرون کی جگہوں (جیسے، کھڑکیاں، ہوا داریوں) میں ہوا کی روانی CDC کے رہنما خطوط اور کھانے تیار کرنے معیارات کے مطابق بڑھائیں

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں
## آپریشنز اور نگرانی

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)



**لچک پذیر ماڈلز**

### جہاں بھی ممکن ہو شخصی کام کو محدود کریں

- بذات خود میل جول کم سے کم کریں (جیسے، آن لائن تربیت / عملہ کی ورچوئل میٹنگ کا استعمال کرنے پر غور کریں)
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملازمین جو گھر سے کام کر سکتے ہیں وہ ایسا کرنا جاری رکھیں
- اگر قابل عمل ہو تو ملازمین اور وینڈرز کے شفٹ اوور لیپ کو محدود کریں



**آپریشن کی لچک**

### تعامل کو کم کرنے والے رویے کی حوصلہ افزائی کریں

- اگر قابل عمل ہو تو نقدی کے بغیر/رابطہ کے بغیر آرڈر کرنے اور ادائیگی کرنے کی حوصلہ افزائی کریں (جیسے کیش بارز کے لیے)
- RSVPs کی سماجی دوری کی تعمیل کرنے والے ٹیبل سیٹ اپ کی اجازت دینے، حاضرین کے لیے پہلے سے تفویض کردہ نشستوں اور آمد سے پہلے داخلے کے تقاضوں سمیت رہنمائی کے لیے حوصلہ افزائی کریں (جہاں قابل اطلاق اور ممکن ہو)

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

## آپریشنز اور نگرانی



متعلق رہنما خطوط



جانچ کرنا/ ٹریک کرنا

### کاروبار کے لیے سفر کو محدود کریں

- اگر ممکن ہو، تو صنعتی تحفظ کی احتیاطی تدابیر کے ساتھ کاروباری سفر کو محدود کریں
- اگر قابل عمل ہو تو، وینیو کے متعدد مقامات پر عملہ کے سفر کو محدود کریں

### جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے لیے CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین کی صفائی اور جراثیم کشی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود قرنطینیہ میں رکھنا چاہیئے
- اگر کسی ایونٹ کی جگہ کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی تجاویز کی تعمیل کریں
- ایونٹ کے میزبان کو ہر مہمان کے نام اور رابطے کی معلومات کا لاگ ایونٹ کے کم از کم 60 دن تک اپنے پاس رکھنا چاہیئے



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ ایونٹ کی جگہیں

ضمیمہ

## فرہنگ

**مجمع**: ایک سنگل گھرانے سے باہر افراد کا ایک گروپ جو ایک بے ساختہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہے اور دس منٹ سے زیادہ تک ایک دوسرے سے بات چیت کر رہا ہے

**ہاتھ دھونا**: کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم کش کا استعمال کرکے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری**: افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کا طبعی فاصلہ۔

**PPE**: ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

## از خود اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ**: ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم یا وینڈر شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجہ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو سانس لینے میں کوئی نئی دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

### جائے کار سے متعلق عمومی رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جواب کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیش قدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

### ایونٹ کی جگہ سے متعلق رہنمائی

**CDC**–*ایونٹس اور اجتماعات کے لیے سفارشات:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/large-events/considerations-for-events-gatherings.html

**OSHA** – *وینیوز اور ٹیک آؤٹ یا سڑک کے کنارے پک اپ آفر کرنے والے مشروبات کے وینڈرز:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA4017.pdf

**FDA** – *کھانے کا تحفظ اور کورونا وائرس:*
https://www.fda.gov/food/food-safety-during-emergencies/food-safety-and-coronavirus-disease-2019-covid-19

### اعلان دستبرداری


اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا بعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ اس مواد سے متعلق سوالات کے جوابات کے لیے خارجی سائٹ سے رابطہ کریں۔